# 20-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ریاست تلنگانہ حکومت نے آج دونوں ایوانوں میں 3 لاکھ 24 ہزار 234 کروڑ روپے کے تخمینہ کے ساتھ بجٹ پیش کیا۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ تلنگانہ کو ملک کی معاشی طاقت بنانے کے مقصد سے منعقدہ 'تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ' کے ذریعہ 5 لاکھ 75 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔

۳۔ ہر خاندان کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے 'اندیراما فیملی لائف انشورنس' کے نام سے نئی اسکیم کا اعلان بجٹ میں کیا گیا ہے۔

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راو نے بجٹ کو انتہائی مایوس کن قرار دیا، جبکہ بی آر ایس کے رہنما ہریش راو نے اسے محض اعداد و شمار کا جادو قرار دیتے ہوئے تنقید کی۔

Budget

ریاستی وزیر فینانس بھٹی وکرامارکہ نے مسلسل چوتھی مرتبہ اسمبلی میں ریاستی بجٹ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بی آر امبیڈکر اور مہاتما گاندھی کے نظریات پر عمل کرتے ہوئے آگے بڑھ رہی ہے۔ بجٹ 2026-27 پیش کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت خود کو حکمران نہیں بلکہ عوام کا خادم سمجھتی ہے اور فلاح و ترقی کیلئے ذمہ داری کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

Sound Byte Bhatti

ریاستی وزیر فینانس نے 2025-26 کی تلنگانہ کی معاشی صورتحال بیان کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ قیمتوں کے مطابق ریاستی مجموعی پیداوار 17 لاکھ 82 ہزار 198 کروڑ روپے رہی، جو گزشتہ سال کے مقابلہ میں 10.7 فیصد اضافہ ہے۔ اسی مدت میں قومی جی ڈی پی کی شرح 8 فیصد رہی جبکہ تلنگانہ نے 2.7 فیصد زیادہ ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی مجموعی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا حصہ 5 فیصد ہے، جس

سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریاست ملک کی ترقی میں ایک مضبوط گروتھ انجن کے طور پر ابھر رہی ہے۔

Sound Byte Bhatti GDP

انہوں نے مزید کہا کہ ریاست کی فی کس آمدنی بڑھ کر 4 لاکھ 18 ہزار 931 روپے ہوگئی ہے جو 10.2 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے جبکہ ملک کی فی کس آمدنی 2 لاکھ 19 ہزار 575 روپے ہے اس لحاظ سے تلنگانہ کی فی کس آمدنی قومی اوسط سے تقریباً 1.9 گنا زیادہ ہے۔ریاست کی منصوبہ بند ترقی کے لئے CURE، PURE اور RARE تین خصوصی اقتصادی زونز بنانے کا اعلان کیا گیا۔آؤٹر رنگ روڈ کے اندر CURE علاقہ کو سروس سیکٹر، ٹیکنالوجی اور اے آئی حب کے طور پر ترقی دی جائے گی۔PURE زون کو صنعتی اور MSME کلسٹرس کے لئے تیار کیا جائے گا جبکہ RARE زون کو فوڈ پروسیسنگ، ویلیو ایڈڈ زراعت اور ایکوٹورزم کے لئے مختص کیا جائے گا۔ہر خاندان کو تحفظ فراہم کرنے کے مقصد سے 2 جون سے 'اندراماں فیملی لائف انشورنس اسکیم' شروع کی جائے گی جس کے تحت تقریباً ایک کروڑ 15 لاکھ خاندانوں کو 5 لاکھ روپے کا بیمہ فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں تقریباً 2 ہزار بین الاقوامی نمائندوں، سرمایہ کاروں اور ماہرین نے شرکت کی، جہاں 100 سے زائد مفاہمتی یادداشتیں (MoUs) طے ہوئیں اور 5 لاکھ 75 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تجاویز سامنے آئیں۔
کانگریس حکومت اقتدار پر آنے کے بعد پہلی بڑی اسکیم 'مہالکشمی' مفت بس سفر اسکیم ہے، جس کے تحت روزانہ تقریباً 34 لاکھ خواتین مفت سفر کر رہی ہیں۔اب تک خواتین نے 269 کروڑ سے زائد مفت سفر کئے جس سے تقریباً 9 ہزار 222 کروڑ روپے کی بچت ہوئی ہے۔یہ اسکیم خواتین کو فائدہ مند ثابت ہورہی ہے۔زراعت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے حکومت ''رعیتو بھروسہ'' اسکیم کے تحت فی ایکڑ 12 ہزار روپے کی مالی مدد فراہم کر رہی ہے جبکہ دھان کی فصل پر فی کنٹل 500 روپے بونس بھی دیا جارہا ہے۔اس بجٹ میں زراعت کے لئے 23 ہزار 179 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

Sound Byte Bhatti - Rythu Bharosa

بجلی کے شعبے کے لئے 21 ہزار 285 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ ریاست میں بجلی کی مجموعی صلاحیت 23 ہزار 187 میگاواٹ ہے اور 13 مارچ 2026 کو 18 ہزار 228 میگاواٹ کی زیادہ سے زیادہ طلب پوری کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا گیا۔ 2026-27 مالیاتی سال کا بجٹ پیش کرنے سے قبل وزیر فینانس نے پرجا بھون میں واقع نلا پوچما مندر میں خصوصی پوجا کی۔ بعدازاں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ اجلاس منعقد ہوا جس میں بجٹ تجاویز کو منظوری دی گئی۔

BRS Protest

حیدرآباد کے گن پارک کے قریب بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر اور ہریش راؤ کی قیادت میں ارکانِ اسمبلی، ارکانِ قانون ساز کونسل نے کانگریس حکومت کے خلاف احتجاج کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے 6 گیارنٹیوں پر عمل نہ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے باقی کارڈس اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے احتجاج کیا۔ انہوں نے کہا کہ معذورین کو دئے جانے والے 54 ہزار بے روزگار نوجوانوں کو دو لاکھ ملازمتوں کی فراہمی اور بے روزگاری بھتہ جاری کرنے میں بھی ناکام ہونے کا حکومت پر الزام لگایا۔ انہوں نے آٹو ڈرائیوروں کو دئے گئے تیقن اور غریب لڑکیوں کی شادیوں کیلئے ایک تولہ سونا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے باقی کارڈس کے ساتھ احتجاج کیا اور اس پر فوری عمل کرنے کی مانگ کی۔

Harish Rao

بی آر ایس کے لیڈر و سابق وزیر اسمبلی کے بی آر ایس ایل پی کے دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت کی جانب سے تاریخی طور پر قائم کئے جانے والے ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ اسکولوں کی تعمیر میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں ٹنڈر مکمل ہونے والے 76 اسکولوں میں بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی نمائندگی کرنے والے 26 حلقوں میں ایک بھی اسکول الاٹ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے اس معاملہ میں سیاسی دشمنی کا الزام لگایا۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ پارٹی سے انحراف کرنے والے ارکانِ اسمبلی اور بعض بی جے پی ارکانِ اسمبلی کے حلقوں میں اسکولوں کی منظوری دی گئی ہے۔

Moinabad Case

معین آباد فام ہاؤس کیس معاملہ میں ملزمین کی تحویل کی درخواست پر آج اوپر پلی کورٹ میں سماعت ہوئی۔اس کیس میں گرفتار کیئے گئے پائلٹ روہیت ریڈی، رتیش ریڈی اور نمت شرما کو ایک ہفتہ کی پولیس تحویل میں دینے کا مطالبہ کیا گیا۔فام ہاؤس معاملہ سے متعلق اہم معلومات حاصل کرنے کیلئے پولیس نے ان کی تحویل کو ضروری قرار دی۔کورٹ میں دونوں فریقین کے درمیان طویل بحث ہوئی جبکہ ملزمین کے وکیل نے تحویل کی مخالفت کی جبکہ حکومت کے وکلاء نے کیس کے معاملہ کو دیکھ کر تحقیقات کیلئے ملزمین کی تحویل کو ضروری قرار دیا۔عدالت نے دونوں فریقین کے دلائل کی سماعت کے بعد اس کیس کے فیصلہ کو آئندہ پیر تک کیلئے ملتوی کیا۔

Gaddar Awards

گزشتہ روز حیدرآباد کے ہائی ٹیکس ایگزیبیشن سینٹر میں تلنگانہ غدر فلم ایوارڈس 2025 تقریب بڑے پیمانہ پر منعقد ہوئے۔اس تقریب میں تلگو فلم انڈسٹری کے بڑے ناموں کے ساتھ ساتھ بالی ووڈ کے کئی معروف شخصیات نے بھی شرکت کی۔تقریب میں شرکت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حیدرآبادی بریانی کی طرح تلگو سنیما کو بھی ملک بھر میں ایک منفرد شناخت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ غدر کے نام پر ایوارڈس دینا حکومت کی ذمہ داری ہے اور ان کی حکومت جنوبی کوریا کی طرز پر فلمی صنعت کو فروغ دے گی۔وزیراعلیٰ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو تلگو فلم انڈسٹری کبھی چینائی سے حیدرآباد منتقل ہوئی تھی، وہ آج عالمی سطح تک پہنچ چکی ہے۔انہوں نے حیدرآباد کو دنیا کے محفوظ ترین شہروں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ یہ ہندوستانی فلم انڈسٹری کا مرکزی مرکز بنے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ فلمی صنعت کو کسی بھی مشکل میں حکومت مکمل تعاون فراہم کرے گی اور یہاں سرمایہ کاری کرنے والوں کو بھرپور تحفظ دیا جائے گا۔اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرم ارکا سمیت کئی نامور فلمی شخصیات نے شرکت کی، جن میں کمل ہاسن، چیرنجیوی، ناگارجن، رام چرن، ناگا

چیتنیا، مادھوری ڈکشٹ، بھومیکا چاولہ، رشمیکا مندانا اور دیگر نے شرکت کی۔ معروف پروڈیوسرس الوار وِند اور اشونی دت، تلنگانہ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین دل راجو کے علاوہ ایم ڈی سی ایچ پریانکا اور غدر کے اہل خانہ نے شرکت کی۔

Ramachandra Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راو نے آج کانگریس حکومت کی جانب سے پیش کئے گئے بجٹ کو انتہائی مایوس کن قرار دیا۔ انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ وزیر فینانس ونائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ شاید غلطی سے گزشتہ سال کا بجٹ ہی پڑھیں ہیں کیونکہ اس بجٹ میں کوئی خاص تبدیلی نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو اقتدار میں آئے ڈھائی سال گزر چکے ہیں لیکن عوام کو دکھانے کے لئے کوئی واضح ترقی یا نتائج موجود نہیں ہیں، جو تشویشناک بات ہے۔ رام چندر راؤ نے خاص طور پر تعلیمی شعبے کو نظرانداز کرنے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بجٹ میں تعلیم کے لئے گزشتہ سال کے مقابلے میں ایک ہزار کروڑ روپے اضافے کا دعویٰ کیا گیا ہے، لیکن مجموعی بجٹ میں اس کا حصہ صرف 8 فیصد ہے جو ناکافی ہے۔ انہوں نے صحت کے شعبہ پر بھی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا اور کہا کہ آروگیا شری کے بقایا جات ابھی تک ادا نہیں کئے گئے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی کی حکومت پنشن اور دیگر فوائد کو بھی اسی محکمے کے حوالے کر رہی ہے، جس سے یہ ادارہ مالی بحران کا شکار ہو سکتا ہے۔

Seethakka Review

گرمیوں کے موسم میں پینے کے پانی کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے پیش نظر وزیر سیتا اکا نے آج سیکریٹریٹ میں مشن بھاگیرتھا کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر وزیر نے حکام کو ہدایت دی کہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی پینے کے پانی کی قلت پیدا نہ ہو، اس کے لئے پیشگی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں کہیں پائپ لائن کی مرمت یا دیگر کام درکار ہوں، وہاں عوام کو پہلے ہی اطلاع دی جائے تاکہ عوام کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ سیتا اکا نے واضح کیا کہ تمام کام موثر انداز میں

انجام دئے جائیں تا کہ لوگوں کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید بتایا کہ کئی ایسے دیہات، خصوصاً دوردراز قبائلی علاقوں میں، جہاں ابھی تک مشن بھا گیرتھا کی سہولت نہیں پہنچی، وہاں پینے کے پانی کے لئے کنویں کھودنے کی درخواستیں موصول ہورہی ہیں۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ ایسے علاقوں کی ضروریات کا فوری جائزہ لے کر بورویل اور کنویں کھودنے کے انتظامات کریں۔

Seethakka Budget

پنچایت راج اور دیہی ترقی کی وزیر سیتااکا نے آج حکومت کی جانب سے پیش کئے گئے بجٹ پر خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ بجٹ سماجی انصاف اور ہمہ گیر ترقی کے اہداف کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔انہوں نے اس بجٹ کو خاص طور پر غریبوں، پسماندہ اور کمزور طبقات کی فلاح و بہبود پر مرکوز ایک عوام دوست بجٹ قرار دیا۔ بجٹ تقریر کے بعد وزیر سیتااکا نے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ سے ملاقات کر کے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مبارکباد دی۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دیہی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جانے والے پنچایت راج محکمہ کے لئے سب سے زیادہ فنڈز مختص کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت دیہی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سماجی تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے دولاکھ نئی پنشن کی منظوری ایک خوش آئند قدم ہے، جوعوام کی فلاح کے لئے حکومت کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔

State Disaster Management Training Centre

ریاستی پی سرینواس ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ بین الاقوامی معیار کے مطابق ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹریننگ سینٹر کے قیام کے لئے ضروری تجاویز تیار کی جائیں۔آج سیکریٹریٹ میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ، فائر سروسس، ایس آر ایف، ہائیڈرا اور آئی سی سی محکموں کے ساتھ جائزہ اجلاس کے دوران وزیر نے کہا کہ اس مقصد کے لئے مختلف محکموں کے نمائندوں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے کر عملی منصوبہ تیار کیا جائے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت نے اسٹیٹ انسٹیٹیوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ

قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ آفات کے وقت صرف امدادی کارروائیوں تک محدود نہ رہ کر پیشگی تیاری کے ذریعے نقصانات کو کم کیا جا سکے۔ وزیر نے ہدایت دی کہ تلنگانہ کو ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے میدان میں ملک کے لئے ایک مثال بنایا جائے اور تمام محکمے باہمی تعاون سے کام کریں۔

Budget Presentation Begins

ریاست تلنگانہ حکومت نے آج سالانہ بجٹ پیش کیا۔ اسمبلی میں نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر فینانس بھٹی وکرامارکہ نے بجٹ پیش کرتے ہوئے اپنی تقریر کا آغاز کیا جبکہ قانون ساز کونسل میں اُتم کمار ریڈی نے بجٹ پیش کیا۔ حکومت نے 3 لاکھ 24 ہزار 234 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا۔ اس میں ریونیو اخراجات 2 لاکھ 34 ہزار 406 کروڑ روپے جبکہ سرمایہ جاتی اخراجات 47 ہزار 267 کروڑ روپے مقرر کئے گئے ہیں۔ وزیر فینانس نے کہا کہ ہر شہری کو سماجی اور معاشی انصاف فراہم کرنا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت بی آر امبیڈکر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی حکمرانی جاری رکھے ہوئے ہے۔

Harish Rao

بی آر ایس کے لیڈر ہریش راو نے بجٹ کو مایوس کن قرار دیا اور اسے محض اعداد و شمار کا جادو قرار دیتے ہوئے تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں پنشن میں اضافہ، ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کا کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے ذریعہ عوام کو دھوکہ دینے کا حکومت پر الزام لگایا۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ حکومت آر ٹی سی ملازمین، سنگارینی کے مزدوروں کے علاوہ مدیراج، ایس سی ایس ٹی اور میناریٹی طبقہ کو دھوکہ دیا ہے۔

○○